**20/05/2026**

**07.40 / PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر مینبلال وانی**

**پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔**

**ہیڈ لائنز**

***........بھارت اور اٹلی نے دوطرفہ رشتوں کو اعلیٰ معیار تک پہنچانے کا دہرایا عزم۔**

***........لیفٹنٹ گورنر نے جموں وکشمیر پولیس کے نئے تعینات کر دہ کانسٹیبلوں کو کئے تقرر نامے پیش۔**

***........وزیر اعلیٰ کی صدارت میں منعقدہ وزارتی کونسل نے کئی تعلیمی اداروں کے نام تبدیل کرنے کی دی منظوری۔**

**اور**

***........ نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں عروج پر// کئی ڈرگ سمگلر گرفتار، سرینگر میں ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی جائیداد منہدم۔**

**اور اب خبروں کی تفصیل۔**

**بھارت۔ اٹلی**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور اٹلی نے دوطرفہ رشتوں کو ایک خصوصی اٹلی میں اپنی اٹلی کی ان کے ہم Romeشراکت داری کی سطح تک لیجانے کا فیصلہ کیا ہے۔ کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد ایک مشترکہ پریس بیان Giorgia Meloniمنصب میں نریندر مو دی نے کہا کہ دونوں ممالک جہاز رانی،بندر گاہوں کی جدید کاری اور لاجسٹکس جیسے شعبوں میں اشتراک کو بڑھانے کےلئے کام کریں گے۔**

**اٹلی کی وزیر اعظم نے اس موقعے پر کہا کہ دونوں ملکوں کے ما بین دوستی باہمی اعتماد اور وقار پر مبنی ہے۔**

**یل جی**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ امن و قانون کے خطرات اور دہشت پسندی کی نوعیت میں تبدیلی آئی ہے اور آنکھوں سے نظرنہ آنے والے یہ خطرات متواتر چوکس رہنے کا تقاضا**

کرتے ہیں۔ آ ج جموں میں جموں کشمیر پولیس میں تعینات کئے گئے نئے کانسٹیبلوں کو تقررنامے فراہم کرنے کے موقعے پر منوج سنہا نے نئے رنگروٹوں کو ملک کے اتحاد اور سالمیت کا دفاع کرنے کیلئے اپنے آپ کو وقف کرنے کی تلقین کی ۔لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ جموں کشمیر پولیس نے یو ٹی میں امن و قانون بنائے رکھنے ، منشیات اورجرائم سے نمٹنے اور دہشت پسندی کے خلاف اپنی بے لوث خدمات انجام دی ہیں۔ ........LG........

میں 3 ہزار2سو سے زائد کانسٹیبلوں کو بھرتی کیا گیا ہے JKP واضح رہے کہ مجموعی طور پر نلین پربھات اور پولیس و سول انتظامیہ کے دیگر DGP۔اس موقعے پر چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، کئی سینئر عہدیدار بھی موجود تھے ۔

## نام تبدیل

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ کی صدارت میں منعقدہ وزارتی کونسل کی ساتویں میٹنگ کے دوران کئی تعلیمی اداروں کے نام معروف شخصیات اور شہیدوں کے نام پر رکھنے کو منظوری دی گئی۔

فیصلے کی رو سے گورنمنٹ ہائر سکنڈری سکول گاندھی نگرجموں کا نام آنجہانی پرنسپل کلدیپ کمار بڑیال اور گورنمنٹ ہائی سکول ہاپت ناڑ اننت ناگ کا نام مرحوم عادل حسین شاہ کے نام پر رکھا گیا ہے۔

## سکینہ ایتو

صحت و تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج ہاپت ناڑ اننت ناگ میں گورنمنٹ ہائی سکول کا نام تبدیل کر کے شہید عادل حسین شاہ میموریل سکول رکھنے کےلئے منعقدہ تقریب کی صدارت کی۔

وزیر موصوفہ نے اس موقعے پر عادل حسین کی بہادری کی تعریف کر تے ہوئے کہا کہ پورا ملک ان کی بہادری اور دلیری کو ایک لمبے عرصے تک یاد رکھے گا۔

پہلگام الطاف احمد کلو کے علاوہ کئی دیگر محکموں کے اعلیٰ افسران بھی MLAاس موقعے پر موجود تھے۔

## وزیر تعلیم

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو کی صدارت میں آج کھنہ بل میں ایک عوامی در بار کا انعقاد کیا گیا جس میں اننت ناگ اور کولگام سے آئے کئی وفود نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل کو اُجاگر کیا ۔

وزیر موصوفہ نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے تمام مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

## نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہاہے کہ سرکار دیہی علاقوں کو شہری علاقوں کے ہم پلہ ترقی دینے کیلئے پر عزم ہے ۔شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ میں اوڑی کے سرحدی علاقوں کے تفصیلی دورے کے دوران انہوں نے ترقیاتی عمل کا جائزہ لینے کے علاوہ عوامی رابطہ کاری کے پروگراموں کی بھی صدارت کی ۔

آفیسرس کلب میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے اوڑی کیلئے لازمی خدمات کی دستیابی کا جائزہ لیتے ہوئے ترقیاتی پروجیکٹونکی بر وقت تکمیل یقینی بنانے پر زور دیا ۔

سپیکر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج چاڈورہ میں چودھری گنڈ کے مقام پر نالہ اپزری پر ایک پُل کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر سپیکر موصوف نے کہا کہ 4کروڑ 75 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے اس پُل سے مقامی لوگوں کو عبور و مرور کی بہتر سہولیات دستیاب ہونگی۔

ناصر اسلم

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے آج جموں میں نئے لیجسلیٹو کمپلیکس کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوننے وہاں تعمیر ہو رہے مختلف سیکشنز کا معائنہ کیا۔ انہوننے عمل آوری ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ اس پروجیکٹ کی بروقت تکمیل یقینی بنائے تاکہ ایوان کے کام کاج میں آسانی پیدا ہو سکے۔

انہوننے کہا کہ اس کمپلیکس کو تمام تر جدید سہولیات سے لیس کیا جانا چاہئے بعد میں مشیر موصوف نے کئی دیگر ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی جائزہ لیا۔

ایوارڈ

پو

---

سرینگر میں ”لل دید ایوارڈس “ SKICC نے کی ایک معروف تنظیم ”سرحد “کے اہتمام سے¾ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کشمیر کی چار ممتاز خواتین ، نامور شاعرہ بملا رینہ ، ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ یافتہ دانشور پروفیسر نسیم شفائی ، مصنفہ اور راج بھاشا کی ماہر ڈاکٹر سکینہ اختر اور جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی کو ان کی نمایاں خدمات کے اعتراف میں ”لل دید ایوارڈ“ سے نوازا۔

لیفٹنٹ گورنر نے اس تقریب کے دوران جموں کشمیر کی ایک معروف ماہر تعلیم، قلم کار اور ترجمہ نگار پروفیسر نیرجا مٹو کو لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے سرفراز کیا۔

بعد میں ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

------Darakhshan-----

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔

نشہ

جموں کشمیر میں سو روزہ نشہ مکت ابھیان کے تحت سِول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے مختلف پروگراموں کا انعقاد جاری ہے۔ اس بدعت سے نوجوانوں کو چھٹکارا دلانے کیلئے بیداری اور بازآباد کاری کے پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں جب کہ ڈرگ سمگلروں کے خلاف کاروائیوں میں تیزی لائی گئی ہے۔ انتظامیہ نے منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کاتہیہ کر رکھا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام۔

جمونو کشمیر میں نوجوانوں کو اس بدعت سے چھٹکارا دینے کےلئے درکار اقدامات کے حوالے سے ایک اُستاد مصور معراج نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

--Mehraj--

کشمیر پولیس

ادھر کشمیر پولیس کی جانب سے منشیات کے سمگلروں کےخلاف زور دار کارروائیاں جاری ہیں۔ ہندواڑہ پولیس نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کی کارروائیوں کے ایک حصے کے طور پر دو گاڑیوں کی رجسٹریشن اور 14افراد کی ڈرائیونگ لائنس رد کر دی ہے ۔

سرینگر پولیس نے باکہ بازار لعل بازار سرینگر میں ایک مطلوب ترین ڈرگ سمگلر کی ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کے اثاثے کو منہدم کر دیا ۔

بارہمولہ اور اننت ناگ میں پولیس نے غیر قانونی طور سے کاشت کی گئی خشخاش کی فصل کو تباہ کرکے متعلقہ افراد کے خلاف معاملات درج کر لئے ہیں۔

کے تحت قصور وار ایک ضمانت یافتہ شخص پر نگرانی NDPS اس دوران اننت ناگ پولیس نے کڑا پہنا دیا ہے -GPS رکھنے کیلئے اس کی ہتھیلی میں ایک

KP-2

اسی دوران پولیس نے گاندربل ، اننت ناگ اور بارہمولہ میں الگ الگ کارروائیاں انجام دے کر مزید پانچ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے جن مینہیروئن سپلائی کرنے والا نانیل اننت ناگ کاامتیا زاحمد ڈار عرف کرسچن بھی شامل ہے ۔

اس دوران اونتی پورہ پولیس نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت کئی مقامات پر چھاپہ مار کارروائیاں عمل میں لائیں۔

یاترا

پی ڈی ڈی کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری اشونی کمار نے آج جھیل ڈل میں ایک میٹنگ کے دوران آنے والی شری امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں جموں پاور ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹیڈ اور کشمیر پاور ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹیڈ کی طرف سے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوںنے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ یاتریوں کےلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔

بینک

جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

امیتابھ چٹر جی نے آکاشوانی نیوز CEOاس تعلق جمونو کشمیر بینک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-----Amitab----

الیکشن کمشنر

سٹیٹ الیکشن کمشنر کشمیر نے پنچایت چناوٗ فہرستوں کے سالانہ رویژن مکمل کیا ہے اور اس مقرر کیا گیا ہے-Qualifying Date سلسلے میں یکم اپریل2026کو

نئے حتمی چناوٗ فہرست مشتہر کئے گئے ہیں۔ سٹیٹ الیکشن کمشنر شانت منو نے کہا ہے کہ ان چناوٗ فہرستوں میں نئے3لاکھ39ہزار رائے دہند گان کا اندراج کیا گیا ہے۔

BJP

بی جے پی جمونو کشمیر کے سرینگر ہیڈ کواٹر پر آج ایک تقریب کے دوران کئی نوجوانوں اور کارکنوں نے بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔

اس موقعے پر پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول، جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

انہوننے ان نوجوانوں اور کارکنوں کا پارٹی میں خیرمقدم کر تے ہوئے ان پر زور دیا کہ وہ زمینی سطح پر پارٹی کو مضبوط کرنے کےلئے کام کریں۔

ست شرما

مورچہ جمونو کشمیر کا ایک وفد آج جموں میں پارٹی صدر اور ممبر پارلیمنٹ OBCبی جے پی طبقے سے متعلق معاملہ ان کی نوٹس میں لائے۔OBC ست شرما سے ملاقی ہوا اور

دریں اثناءست شرما نے ایک میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی کے من کی بات پروگرام کےلئے کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

پر من Booths انہوننے پارٹی لیڈروں اور ورکروں پر زور دیاکہ وہ بوٹی کے زیادہ سے زیادہ کی بات پروگرام کی سماعت کو یقینی بنائیں۔

فارو ق عبداللہ

نیشنل کانفرنس نے جموں میں غریب کنبوں کے مکانات کی مسماری کوانسانی حقوق کی خلاف ورزی قرار دیا ہے ۔ سرینگر میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے اس واقعے پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہا رکیا ۔

انہوننے متاثرین کی فوری باز آباد کاری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہاکہ موجودہ چلینجوں اور آزمائشوں کا سامنا یکجہتی ، عزم اور باہمی اعتماد کے ساتھ کیاجا سکتا ہے ۔

شمیمہ فردوس

نیشنل کانفرنس کی خواتین ونگ کی صدرایڈوکیٹ شمیمہ فردوس نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت حکومت عوامی توقعات پر پورا اُترنے کیلئے متحرک ہے۔

اپنے حلقہ انتخاب حبہ کدل کے تفصیلی دورے کے دوران انہوننے مقامی لوگوں کے مسائل سُننے کے علاوہ وہاں تعمیر و ترقی کے کاموں کا جائزہ لیا۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے تاپر با ریشی سڑک کی خستہ حالی پر سخت برہمی کا اظہار کر تے ہوئے ایل جی انتظامیہ سے استدعا کی ہے کہ وہ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کو متحرک کرے۔

خراج

نیشنل کانفرنس کے صد رڈاکٹر فاروق عبداللہ نے میر واعظ مولانا محمد فاروق کو 36ویں برسی پر یاد کرتے ہوئے مرحوم کو خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔

جموں کشمیر جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ میر واعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے بھی شہید ملت کی تاریخ ساز خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

ادبی

جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کے سرینگر دفتر میں آج ایک شاندار ادبی تقریب منعقد ہوئی جس میں ادیبوں ، شاعروں ، دانشوروں اور محققین کی موجودگی میں ”سائبان“ اور ”پُرکھاش“نامی دو کتابوں کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔

سائبان کے مصنف پروفیسر فاروق فیاض نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

........Farooq Fayaz........

اسی طرح سے پُرکھاش کے مصنف پروفیسر رتن تلاشی نے اس حوالے سے اپنے خیالات کا اظہا رکرتے ہوئے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

........Rattan Talassi........

مدو مکھی

ناظم زراعت کشمیرسرتاج احمد شاہ نے کہا ہے کہ نوجوانوں کی طرف سے مگس بانی کے یونیٹوں کا تجارتی پیمانے پر قیام نہایت حوصلہ افزاءہے ۔

آج شہد کی مکھیوں کے عالمی دن کے موقعے پر محکمہ زراعت کے صدر دفتر سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران مقررین نے غذائی سلامتی ، حیاتیاتی تحفظ اور ماحول کی دیر پائیت میں مدو مکھیوں کی اہمیت اجا گر کی گئی ۔

ریلوے

جموں ڈویژن میں23مئی منعقد ہونے والے روزگار میلے کے دوران220 نوجوانوں کو سرکاری نوکریوں کے تقرر نامے فراہم کئے جائیں گے، جن میں سے کئی ایک کو ریلوے میں بھی تعینات کیا جائے گا۔

اس روزگار میلے میں ملکی سطح پر51ہزار اُمید واروں کو تعیناتی کے آرڈر فراہم کئے جائیں گے، جن میں جمونو کشمیر کے220نوجوان بھی شامل ہونگے۔

جموں کے ڈویژنل ریلوے منیجر ووِیک کمار نے بتایا کہ یہ موقع ان220نوجوانوں کےلئے سماجی با اختیاری اور اقتصادی استحکام کا ایک سنہری موقع ہوگا۔

**IIMC**

**انڈین انسٹی چیوٹ آف ماس کمیونکیشن نئی دلی نے تعلیمی سال2026-27کےلئے اُر دو صحافت میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما کورس کےلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔**

**IIMCنئی دلی کی وائس چانسلرDr. Pragya Paliwal Gaur نے کہا ہے کہ اس کورس میں30نشستوں کےلئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ26مئی ہے اور امتحان یکم جون کو لیا جائے گا۔**

**----Promo-----**

**داخلہ**

**جموں کشمیر کے ڈگری کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ کورسز اور پانچ سالہ انٹیگریٹیڈ PG پروگراموں کیلئے داخلے کا عمل جاری ہے۔**

**جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیو زسرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔**

**....Aijaz Bashir....**

**جموں ایڈوائزری**

**جمونو کشمیر میں گرمی شدت میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے اور جموں میں دن کا درجہ حرارت 40ڈگری سیلسیس سے تجاوز کر گیا ہے۔**

**جموں میں گرمی کی لو سے بچنے کیلئے عوام کیلئے ایک ایڈوائزری بھی جاری کی گئی ہے ۔ اس سلسلے میں جموں میونسپل کارپوریشن کے ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شاہد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔**

**........Dr.Shahid........**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت30 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 42 اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 26 منٹ اور**

**غروب آفتاب شام7 بجکر30منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔**

**اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔**

**خدا حافظ**

**...........................................**

**...................**

**..........**

**......**